# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: قومی ترانہ | |

**مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، لفظی جیب، تین پرچیاں، مشکل الفاظ کے کارڈ، گتے کا بنا ہوا پہیا

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں سے پوچھیں: اسکول کی اسمبلی میں آپ کون سا ترانہ پڑھتے ہیں؟
- ان سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔ کسی خالی ڈبّے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کر لیں۔ اس پر لکھ دیں: "لفظی جیب"۔ سبق میں دیے گئے چند مشکل الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔
- بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھالیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر با آواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 66 کھلوائیں۔ اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- میز پر گتے کا بنا ہوا ایک پہیا رکھیں، جس پر چار مختلف خانے بنے ہوں، جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوں۔ کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اسے پہیا گھمانے کے لیے کہیں۔ پہیا جس نمبر پر رکے گا، وہ گروہ سبق کے اسی پیراگراف یا جملوں کی بلند خوانی کرے گا۔
- متن کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔ مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- اب ہر گروہ سے تفویض کردہ پیراگراف کی خواندگی کروائیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔

- علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ مطلوبہ جملے پڑھ لے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 68 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "تہذیب" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔ اسی طرح یہ نئے الفاظ کے تحت دیے گئے بقیہ الفاظ پر بھی کروائیں۔ ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنا دیں۔ دونوں گروہوں کو سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔ اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہو الفظ پڑھے اور دوسرا گروہ اس کا معانی بتائے اور وہ لفظ سبق کے جس جملے میں آیا ہو، اس جملے کی بلند خوانی کرے۔ اس طرح یہ سرگرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 2 | سبق کا نام: قومی ترانہ | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔
درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔
غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، سوال 2 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں، چار کارڈ، پلاسٹک کی تھیلیاں گتے کا پہیا، جس پر چار ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں، تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات پر مبنی پرچیاں، گتے کا پہیا

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے اس کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ گزشتہ روز کے کام کا جائزہ لینے کے لیے ایک دل چسپ سرگرمی کریں۔
- بچوں کے سامنے میز پر گتے کا بنا ہوا پہیا اس طرح سے رکھیں کہ بچے اسے آسانی سے دیکھ سکیں۔ پہیا آسانی سے گھوم سکتا ہو اور اس پر چار ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- اب میز پر پہیے کے پاس ایک ٹوکری رکھیں۔ مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات پرچیوں پر لکھ کر ان پر بھی ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیوں کے ایک طرف سوال اور دوسری طرف نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- اب کمرہ جماعت میں سے کسی ایک بچے کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ پہیا گھمائے۔ پہیا گھومتا ہوا جس نمبر پر رکے گا۔ بچے کو اس نمبر کی پرچی دیں ۔ بچہ اس پر لکھا ہوا سوال پڑھے گا اور اس کا جواب بتائے گا۔ اس طرح یہ سرگرمی جماعت کے باقی بچوں سے باقی پرچیوں پر بھی کروائیں۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم پڑھے گئے سبق سے متعلق مختلف سوالات کے جوابات لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔ بچوں کو ایک بار سبق کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- اب بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک ایک لیڈر بھی نامزد کر دیں۔ انھیں Mystery bags دیں، جن میں چار غبارے ہوں جن پر تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھے ہوں، ساتھ چار چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیاں جن میں جملے لکھنے کی جگہ ہو اور ساتھ تین

دھاگے ڈال کر دیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ Mystery bag کھولیں، اس میں سے غبارہ نکال کر اس میں ہوا بھر کر اس کے منہ پر دھاگا باندھیں، پھر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس کا جواب سوچ کر دی گئی مچھلی پر لکھیں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔ جس گروہ کا غبارہ پھٹ جائے گا، وہ اس مقابلے سے باہر ہو جائے گا۔

- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے لیڈر کو مچھلی سمیت بلائیں۔ اس سے کہیں کہ وہ بچوں کو بتائے کہ اس کے گروہ کے پاس کون سا سوال آیا تھا، پھر مچھلی بورڈ پر چسپاں کر کے اپنے گروہ کا لکھا ہوا اس سوال کا جواب پڑھ کر بتائے۔ درست جواب دینے پر اس گروہ کو پانچ نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب کی صورت میں وہ گروہ اس مقابلے سے باہر ہو جائے۔ اس طرح یہ سرگرمی بھی دوسرے گروہ کے لیڈر سے بھی کروائیں۔ جو گروہ یہ کام بہتر طور پر کرے گا، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔
- اب بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھیں۔ بچوں کی مدد سے ان کے نیچے درست جوابات لکھیں اور ان کی خواندگی کروائیں۔
- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے جملوں کی پرچیاں اور ممکنہ جوابات کے کارڈ نکالیں۔ پھر سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی دائرہ لگا کر کریں۔ ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملے اور ان کے ممکنہ جوابات لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی جملہ بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس جملے پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آکر بورڈ پر اس جملے کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔ ساتھ ساتھ بچوں سے اس کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں بنائیں۔ پانچ کارڈ لیں۔
- بچوں کے گروپ بنائیں اور ہر گروپ کو ایک ایک کارڈ دے کر جملوں کے غلط اور صحیح ہونے کی نشاندہی کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) سوال نمبر 3 کتاب پر حل کریں

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: قومی ترانہ | |

**مقاصد:** سبق کا خلاصہ لکھ سکیں۔

الفاظ کا درست املا کر سکیں۔

عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں، ٹوکری، سادہ شیٹیں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں۔ بچوں کو السّلام علیکم کہیں، ان کی خیریت اور گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- بچوں کے چار گروہ بنادیں اور ہر ایک کا ایک ایک لیڈر منتخب کر دیں۔
- سوال نمبر 7 میں دی گئی عبارت خاموشی اور توجہ سے پڑھوائیں۔
- اس کام کے لئے انہیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے متفرق بچوں سے عبارت سے متعلق سوالات کریں۔
- درست جواب دینے والے گروہ کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- اب جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔ اس مقصد کے پیشِ نظر بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔
- بچوں کو متعلقہ گروہوں میں ایک ساتھ بٹھادیں۔ بچوں کو ایک بار سبق کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔ بچوں سے کہیں کہ سبق کے مطالعے کے بعد ان کے ذہن میں جو جو اہم نکات آئے ہیں، انھیں اپنے ساتھ والی نشست پر بیٹھے ہوئے ساتھی کو بتائیں اور اس کے اہم نکات بھی اس سے سنیں۔ اب جوڑیوں کی صورت میں بچے اپنے اپنے اہم نکات جماعت کے ساتھیوں کو سنائیں۔ اس دوران میں استاد بچوں کے بتائے ہوئے اہم نکات کو بورڈ پر نوٹ کرتے جائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

- اب بچوں کو ایک بار دوبارہ سبق کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔ اس کے لیے انھیں دو سے تین منٹ کا وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد بچوں سے اپنی کتابیں بند کرنے کو کہیں۔ بچوں سے کہیں کہ آپس میں اپنے اپنے صفحے کی معلومات کو دہرالیں۔ اب انھیں اپنی کتابیں بند کرنے کے لیے کہیں تاکہ اگلی سرگرمی کروانے کے لیے تیار ہو جائیں۔
- اب چاروں گروہوں کو ایک ایک شیٹ دے دیں۔ ان سے کہیں کہ وہ آپس میں مل کر سبق کا خلاصہ ایک دوسرے کو بتائیں اور پھر اسے شیٹ پر تحریر کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے سبق سے متعلق اہم نکات سے مدد لے سکتے ہیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ بچوں کو بتائیں کہ خلاصہ کسی بھی سبق کا ایک تہائی ہوتا ہے۔ جس میں سبق کے تمام اہم نکات کو مربوط پیراگراف کی صورت میں لکھا جاتا ہے۔ مشکل الفاظ اور تراکیب کو آسان انداز میں لکھا جاتا ہے۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو شیٹ سمیت بلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ شیٹ پر لکھا ہوا خلاصہ جماعت کے بچوں کو پڑھ کر سنائے۔ اسی طرح یہ سرگرمی دوسرے گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔ جو گروہ الفاظ کا بہترین چُناؤ کرتے ہوئے، جامعیت کے ساتھ خلاصہ سنائے، اسے خصوصی شاباش دی جائے۔
- اب بورڈ پر خلاصہ بچوں کی مدد سے لکھیں۔ بچوں سے اس کی خواندگی کروائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کاپیاں کھولیں اور سبق کا خلاصہ بورڈ سے دیکھ کر لکھیں۔ اس دوران میں کمرہ جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیں اور جہاں ضروری ہو، ان کی رہنمائی کریں۔
- سوال نمبر 6 میں دیئے گئے الفاظ کو بورڈ پر لکھیں اور بچوں ان کا املا درست کروا کے لکھیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) جماعت کے مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ باری باری پرچیاں کھول کر ان پر لکھے ہوئے نام پڑھیں اور کچھ بچوں سے سبق کے اہم نکات اور کچھ بچوں سے خلاصہ سنیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی مشق کروائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 4 | سبق کا نام: قومی ترانہ | |

**مقاصد:** فعل کی فاعل سے مطابقت قائم کر سکیں۔

کسی عنوان پر دس سے پندرہ جملوں پر مشتمل مضمون لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، ٹوکری، فعل کی مناسبت سے ممکنہ فاعل پر مبنی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے اس کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں اور ہر ایک کا ایک ایک لیڈر منتخب کر دیں۔ چار تصاویر جن میں مختلف کام ہو رہے ہوں، ایک ٹوکری میں ڈال کر باری باری چاروں گروہوں کے پاس لے جائیں اور انھیں آنکھیں بند کر کے اس میں سے کوئی سی بھی تصویر اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو تصاویر آئی ہیں، ان کو غور سے دیکھیں اور باہمی مشاورت سے ان سے متعلق چند جملوں میں بتائیں کہ ان تصاویر میں کیا ہو رہا ہے؟ انھیں سوچنے کے لیے دو سے تین منٹ کا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ میں سے چند بچوں کو بتائیں اور انھیں کہیں کہ ان کے پاس جو تصویر آئی تھی اس میں جو کام ہو رہا تھا، اسے عملی طور پر کمرہ جماعت میں پیش کریں۔ دوسرے گروہوں سے کہیں کہ وہ ان کا مشاہدہ کریں کہ وہ کیا کر رہے ہیں؟
- جب اس گروہ کے بچے مطلوبہ سرگرمی کر لیں تو باری باری دوسرے دونوں گروہوں سے پوچھیں کہ وہ بتائیں کہ وہ کیا کام کر رہے تھے اور کس طرح سے؟ اسی طرح سے یہ سرگرمی دوسرے دونوں گروہوں سے بھی کروائیں۔ درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے گروہ کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں سے کچھ سوال کریں مثلاً:
- کوئی بھی کھیل کھیلنے والے کو کیا کہتے ہیں؟ ممکنہ جوابات (کھلواڑ، کھیلا، کھلنا، کھلاڑی) تختۂ تحریر پر لکھیں۔
- بچوں سے اس کا درست جواب چننے کو کہیں۔ جو بچہ درست جواب دے گا اس کو شاباش دیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ کھیلنا فعل ہے اس لیے اس کا درست فاعل ہو گا کھلاڑی۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اگلے فعل کا بھی درست فاعل پہچانیں۔

- اب بورڈ پر ایسی تصویر چسپاں کریں جس میں بچے کرکٹ کھیل رہے ہوں۔ بچوں سے پوچھیں کہ تصویر میں بچے کیا کر رہے ہیں۔ بچوں کا جواب لیں۔ اب بورڈ پر تصویر کے نیچے جملہ لکھیں:
- "لڑکوں نے فٹ بال کھیلا"۔ بچوں سے جملے کی بلند خوانی کروائیں۔ اب ایک اور تصویر بورڈ پر چسپاں کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ اس تصویر میں کیا ہو رہا ہے۔ بچوں کے جوابات لیں اور بورڈ پر تصویر کے نیچے جملہ لکھیں: "سارہ نے کتاب خریدی"۔ بچوں سے جملے کی بلند خوانی کروائیں ۔ بچوں کو بتائیں کہ پہلی تصویر میں لڑکے فٹ بال کھیلنے کا کام کر رہے تھے۔ دوسری تصویر میں سارہ کتاب خریدنے کا کام کر رہی تھی۔ جملوں میں الفاظ " کھیلا، خریدی " کو خط کشیدہ کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ یہ ایسے الفاظ ہیں جو کسی کام کے ہونے یا کرنے کو ظاہر کر رہے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ایسے الفاظ جو کسی کام کے کرنے یا ہونے کو ظاہر کرے، اسے "فعل" کہتے ہیں۔ اسی طرح سے "سارہ" اور "لڑکے" فاعل ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ وہ الفاظ جو کسی کام کے کرنے والے کو ظاہر کریں، "فاعل" کہلاتے ہیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم فاعل کے مطابق درست فعل کو شناخت کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- بورڈ پر جملے لکھیں اور بچوں سے فعل کی فاعل سے مطابقت قائم کرتے ہوئے جملے مکمل کروائیں۔
- اب بچوں کو بتائیں کہ آج ہم قومی ترانے کی اہمیت پر ایک مضمون لکھیں گے۔
- اب بورڈ پر خاکہ بنائیں اور اس کی مدد سے بچوں کو پہلے مضمون کے مختلف حصوں کے بارے میں بتائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی شخصیت، چیز یا واقعے کے بارے میں اپنے خیالات کو موضوع انداز میں لکھنا "مضمون" کہلاتا ہے۔ مضمون کے مندرجہ ذیل تین حصے ہوتے ہیں:

(۱) تمہید/آغاز　　(۲) نفسِ مضمون

(۳) اختتامیہ

- مضمون شروع کرنے سے پہلے کچھ سطروں میں مضمون کی جانب اشارہ، تمہید یا مضمون کا آغاز کہلاتا ہے۔
- نفسِ مضمون، مضمون کا سب سے اہم حصہ ہوتا ہے۔ اس حصّے میں اپنی معلومات کے مطابق تمام اہم باتیں لکھی جاتی ہیں۔
- اختتامیہ میں مضمون کا مکمل نچوڑ بتایا جاتا ہے۔ یعنی پورے مضمون کا خلاصہ اس طرح لکھا جاتا ہے کہ پڑھنے والا کسی نتیجے پر پہنچ سکے۔

- خاکے کی مدد سے بچوں کو مضمون کے مختلف حصوں کے بارے میں بتاتے ہوئے مضمون لکھنے کا طریقہ بتائیں۔ اہم نکات ساتھ ساتھ بورڈ پر بنائے ہوئے خاکے میں لکھتے جائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اس کے لیے بورڈ پر لکھے ہوئے اہم نکات سے مدد لے سکتے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی عنوان پر لکھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم اس کے بارے میں زیادہ سے زیادہ جانتے ہوں۔ الفاظ کا بہترین چُناؤ کریں اور مختصر پیرائے میں اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ اس طرح کہ تمام اہم معلومات کا احاطہ بھی ہو جائے اور تحریر بھی بوجھل نہ ہو۔ اس دوران میں جہاں بچوں کو کوئی مشکل پیش آئے، ان کی رہنمائی کریں۔

| |
|---|
| • مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے باری باری ان کا لکھا ہوا مضمون سنیں۔ ساتھ ساتھ ہر گروہ کے نمبر بورڈ پر متعلقہ گروہ کے کالم میں لکھ دیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، انھیں بہترین مضمون ساز کے اعزازی کارڈ دیں۔ بچوں کی شیٹیں لے کے چیک کریں اور اغلاط کی نشان دہی کریں۔ |
| **اعادہ:**(3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5 منٹ) تختۂ تحریر پر کچھ جملے لکھیں اور ساتھ ہی ان کے ممکنہ جوابات بھی لکھیں۔ متفرق بچوں سے فاعل کے مطابق درست فعل کو پہچاننے کو کہیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2 منٹ) سوال نمبر 8 کتاب پر حل کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | سبق کا نام: قومی ترانہ | |

**مقاصد:** املا کو صحت کے ساتھ تحریر کر سکیں۔
داخلہ فارم پُر کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، سادہ شیٹیں، اسکول کے داخلہ فارم کی کاپیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- اب تختۂ تحریر پر ایک لفظ لکھیں جیسے: تارے اور ساتھ لکھیں طارے۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ ان الفاظ کو پڑھیں۔ پھر بچوں سے پوچھیں کہ ان الفاظ میں کیا غلطی ہے جب کہ وہ بولنے میں تو ایک جیسے ہیں؟ ان کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ یہ املا کی غلطی ہے۔
- اگر ہم لکھتے ہوئے ایک حرف کی جگہ اس سے ملتا جلتا حرف لکھ دیں تو نہ صرف لفظ غلط ہو جاتا ہے بلکہ بعض اوقات لفظ کے معنی اور مفہوم بھی بدل جاتا ہے۔ اسی طرح بورڈ پر ایک غلط جملہ لکھ دیں جیسے: کسان نے کھیت میں ۔۔۔۔۔ چلایا۔ (حل، ہل) اب بچوں سے جملہ پڑھوائیں، پھر آگے دیے گئے دونوں الفاظ لکھیں۔
- اب بچوں سے پوچھیں کہ جملے کی مناسبت سے کون سا لفظ خالی جگہ میں آئے گا؟
- بچوں سے جواب لیں، درست جواب کی صورت میں ان کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ جملوں میں مختلف قسم کی غلطیاں، جملے کے معنی اور مفہوم کو بدل دیتی ہیں، جس کی وجہ سے جملہ غلط بھی ہو سکتا ہے اور بات بھی درست طریقے سے سمجھ میں نہیں آتی۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم املا کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب ایک ڈبے میں مختلف رنگوں کے بٹن ڈال لیں۔
- جماعت کے بچوں کی تعداد کے مطابق بٹنوں کی تعداد اتنی ہو کہ دو دو بچوں کے پاس ایک رنگ کے بٹن آئیں تاکہ دو دو بچوں کی جوڑیاں بنائی جا سکیں۔

- بچوں کے سامنے باری باری یہ ڈبا لے جائیں اور انھیں ہدایت دیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے اس ڈبے میں سے ایک بٹن اٹھا لیں اور اپنی مٹھی میں چھپا لیں۔ تمام بچوں میں بٹن تقسیم کرنے کے بعد انھیں ہدایت دیں کہ وہ اب اپنی مٹھیاں کھولیں۔ جن بچوں کے پاس ایک رنگ کے بٹن ہوں، ان کی جوڑی بنا دیں۔
- اب ان سے قومی ترانے کے دوسرے بند کے مفہوم کی املا کروائیں۔
- کام کرنے کے دوران میں بچوں کا جائزہ لیتے رہیں اور جہاں مدد یا رہنمائی کی ضرورت ہو فراہم کریں۔ لکھائی کی صفائی اور املا کی درستی کے بارے میں بچوں کو واضح ہدایات دیں۔
- اب بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر انھیں اسکول کا داخلہ فارم دیں۔ انھیں فارم بھرنے کا طریقہ کار بتائیں۔
- اب بچوں کو اس کی روشنی میں مل کر اسکول کا داخلہ فارم بھرنے کے لیے کہیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کا فارم چیک کریں۔ اغلاط کی نشان دہی کریں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے املا بورڈ پر لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: جھوٹ بولنا بُری عادت ہے | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔
الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، لفظی جیب، الفاظ کی پرچیاں، مشکل الفاظ کے کارڈ، گتے کا بنا ہوا پہیا

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں سے پوچھیں: اسکول کی اسمبلی میں آپ کون سا ترانہ پڑھتے ہیں؟
- ان سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔ کسی خالی ڈبّے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کر لیں۔ اس پر لکھ دیں: "لفظی جیب"۔ سبق میں دیے گئے چند مشکل الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔

بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھا لیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر با آواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 72 کھلوائیں۔ اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- میز پر گتے کا بنا ہوا ایک پہیا رکھیں، جس پر چار مختلف خانے بنے ہوں، جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوں۔ کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اسے پہیا گھمانے کے لیے کہیں۔ پہیا جس نمبر پر رکے گا، وہ گروہ سبق کے اسی پیراگراف یا جملوں کی بلند خوانی کرے گا۔
- متن کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔ مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- اب ہر گروہ سے تفویض کردہ پیراگراف کی خواندگی کروائیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقت پیش آ رہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔

- علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ مطلوبہ جملے پڑھ لے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سر گرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 74 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "منھ پھیر لیا" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں، اور اس کا معنی لکھیں: منھ دوسری طرف کر لیا۔
- اسی طرح یہ نئے الفاظ کے تحت دیے گئے بقیہ الفاظ پر بھی کروائیں۔ ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں ۔ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معنی لکھ دیں۔
- اس طرح یہ سر گرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنا دیں۔ دونوں گروہوں کو سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔ اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہو الفظ پڑھے اور دوسرا گروہ اس کا معانی بتائے اور وہ لفظ سبق کے جس جملے میں آیا ہو، اس جملے کی بلند خوانی کرے۔ اس طرح یہ سر گرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔